**رسید کی آزمائشی سکیم کے متعلق معلومات**

*(ان معلومات میں تازہ تبدیلیاں کی گئی ہیں اور کئی زبانوں میں ترجمہ کیا گیا ہے۔)*

2022 میں اوسلو پولیس ڈسٹرکٹ کو نارویجن منسٹری آف جسٹس اینڈ پبلک سیکیورٹی نے رسید دینے کی سکیم کا پائلٹ پراجیکٹ انجام دینے کا کام سونپا:

*"2022 میں اوسلو پولیس ڈسٹرکٹ ایک ٹیکنیل حل کی ٹیسٹنگ کے لیے ایک پائلٹ پراجیکٹ شروع کرے گی جس کے تحت افراد کی چیکنگ کے بعد انہیں چیکنگ کے ثبوت کی پیشکش ملے گی اور ثبوت جاری کیا جائے گا۔ اس اقدام کو ان دوسرے اقدامات کے سیاق و سباق میں دیکھنا چاہیے جن کا مقصد عوام کا پولیس پر اور پولیس کی طرف سے افراد کی چیکنگ پر اعتماد بڑھانا ہے۔ بلدیہ اوسلو، مختلف تنظیمیں اور دوسرے متعلقہ ادارے اس کام میں شامل ہوں گے۔ پائلٹ پراجیکٹ کے نتائج کی جانچ کی جائے گی۔"* (نارویجن منسٹری آف جسٹس اینڈ پبلک سیکیورٹی، 2022)

**آزمائشی سکیم**
اوسلو پولیس ڈسٹرکٹ نے ان افراد کو رسید دینے کی آزمائشی سکیم شروع کی ہے جنہیں پولیس روک کر چیکنگ کرے۔ اس سکیم کو نو مہینوں یعنی 5.12.22 سے 3.9.23 تک ٹیسٹ کیا جائے گا۔

پولیس ہمیشہ اس بات کو اہمیت دیتی رہی ہے کہ ہم لوگوں کے ساتھ واسطے اور افراد کی چیکنگ انجام دینے کے سلسلے میں خود کو بہتر بنائیں۔ کسی بھی معاملے میں پولیس کا عوام سے واسطہ عوام کو زیادہ سے زیادہ اچھا محسوس ہونا چاہیے۔

اس سلسلے میں ہماری پولیس ڈسٹرکٹ میں کئی اقدامات متعارف کروائے گئے ہیں اور پولیس فورس نے ایک تربیتی پروگرام مکمل کیا ہے۔

افراد کی چیکنگ کے سلسلے میں رسید کی آزمائشی سکیم ان اقدامات میں سے ایک ہے جنہیں عوام کا پولیس پر اعتماد بڑھانے کی خاطر ٹیسٹ کیا جائے گا۔

**مقصد**
آزمائشی سکیم کا مقصد یہ جاننا ہے کہ رسید دینے کی سکیم عملی استعمال میں کیسی رہتی ہے، اس سکیم کا پولیس پر اعتماد کے سلسلے میں کیا اثر پڑتا ہے اور اس سے پولیس کے طریق کار پر کیا اثر پڑتا ہے۔

افراد کی چیکنگ پولیس کی اپنے فرائض کی انجام دہی کا ایک اہم حصہ ہے۔ چاہے یہ چیکنگ ضروری اور قانونی ہو، ممکن ہے چیکنگ کروانے والے کچھ لوگ اسے ایک غیر ضروری بوجھ تصوّر کریں۔

امید کی جاتی ہے کہ اس آزمائشی سکیم سے افراد کی چیکنگ کے متعلق محکمہ پولیس کا علم بڑھے گا اور مستقبل میں رسید کی سکیم جاری رکھنے یا نہ رکھنے کے فیصلے کے لیے بنیاد مہیا ہو گی۔

بلدیہ اوسلو، OMOD (اداروں میں امتیازی سلوک کے رجحان کے خلاف نارویجن تنظیم)، نارویجن وکلاء کی ایسوسی ایشن، Minotenk تھنک ٹینک اور دوسرے متعلقہ ادارے اس کام میں شریک ہیں۔

آزمائشی سکیم کے نتائج کی جانچ کی جائے گی۔

**کن لوگوں کو رسید ملے گی؟**
آزمائشی عرصے میں پولیس اوسلو سٹی سنٹر کی حدود میں ایک مخصوص بڑے علاقے (نقشہ دیکھیں) میں موجود جن لوگوں کو روک کر چیکنگ کرے گی، انہیں رسید جاری کی جائے گی۔

Enhet sentrum (اوسلو سٹی سنٹر پولیس سٹیشن) میں امیگریشن یونٹ اور ایمرجنسی ریسپانس ٹیمز (UEH) کا پولیس کا عملہ اس آزمائشی سکیم میں شامل ہے۔ اس علاقے میں متعیّن پولیس فورس کے دوسرے حصے رسیدیں جاری نہیں کریں گے۔

**افراد کی چیکنگ سے کیا مراد ہے؟**
افراد کی چیکنگ سے مراد پولیس کا عوام سے ایسے عوامی مواقع پر واسطہ ہے جس کے لیے قانون، ضوابط یا ہدایات میں قانونی بنیاد موجود ہو۔

نارویجن پولیس ایکٹ، سیکشن7، کے تحت حراست اور تلاشی
https://lovdata.no/dokument/NL/lov/1995-08-04-53

نارویجن پولیس ایکٹ، سیکشن 7a، کے تحت ہتھیاروں کا پتہ چلانے کے لیے تلاشی
https://lovdata.no/dokument/NL/lov/1995-08-04-53

نارویجن پولیس ایکٹ، سیکشن 10، کے تحت سیکیورٹی سرچ
https://lovdata.no/dokument/NL/lov/1995-08-04-53

نارویجن روڈ ٹریفک ایکٹ، سیکشن 10، کے تحت ٹریفک چیکنگ
https://lovdata.no/dokument/NL/lov/1965-06-18-4

نارویجن پینل کوڈ، سیکشن 162، کے تحت ذاتی ڈاٹا کی چیکنگ
https://lovdata.no/dokument/NL/lov/2005-05-20-28/*

نارویجن امیگریشن ایکٹ، سیکشن 21، کے تحت امیگریشن کی چیکنگ
https://lovdata.no/dokument/NL/lov/2008-05-15-35

**پولیس کے ساتھ مندرجہ ذیل قسموں کے واسطوں پر رسید نہیں ملتی:**

- جب لوگ اپنی مرضی سے پولیس سے بات چیت کریں اور عوام کے ساتھ دوسری ملاقاتیں
- پہلے سے طے شدہ ٹریفک چیکنگ کے مواقع
- نارویجن پولیس ایکٹ کے تحت اجتماعات کے لیے اقدامات (جیسے ہجوم کو کنٹرول کرنے کے لیے لوگوں کو ہٹانا)
- بارڈر کنٹرول
- وہ واقعات جب عمارتوں سے انخلاء ضروری ہو جیسے آگ لگنے پر

**جب مجھے رسید ملے تو کیا ہوتا ہے؟**
رسید قبول کرنا بالکل آپ کی مرضی پر منحصر ہے لیکن پولیس آپ کا نام اور تاریخ پیدائش نوٹ کر لے گی۔ آپ نارویجن پینل کوڈ سیکشن 162 کی رو سے پولیس کو یہ معلومات دینے کے پابند ہیں۔ یہ معلومات ایک رجسٹر میں

درج کر لی جاتی ہیں جسے صرف آزمائشی سکیم کے لیے استعمال کیا جائے گا اور اس سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کی چیکنگ ہوئی ہے۔ صرف رسید ملنے کے کوئی نتائج نہیں ہوتے۔

آپ کو ملنے والی رسید میں آپ کا نام، تاریخ پیدائش، چیکنگ کا وقت اور تاریخ اور چیکنگ کی قانونی بنیاد لکھی ہو گی۔ اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی لکھا ہو گا کہ کس پولیس اہلکار (سروس نمبر) نے چیکنگ انجام دی ہے۔

رسید میں اس سکیم کے متعلق مختصر معلومات بھی ہوں گی اور لکھا ہو گا کہ چیکنگ کروانے والے شخص کو چیکنگ کے متعلق مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے کیا کرنا چاہیے اور شکایت کے لیے آپ کو کیا مواقع حاصل ہیں وغیرہ۔

**آپ کو رسید کہاں ملے گی؟**
آزمائشی عرصے میں رسیدیں اوسلو سٹی سنٹر کے اس علاقے کے اندر جاری کی جائیں گی:

پائلٹ پراجیکٹ E6 سے RV150 تک، RV150 سے RV4 تک، RV4 سے Ring 2 تک، Ring 2 سے Sognsveien، Thereses gate اور Pilestredet سے ہوتے ہوئے RV162 تک، اور RV162 سے E6 تک انجام دیا جائے گا۔
(نقشہ دیکھیں)

**پولیس سے رابطہ**
اگر آپ آزمائشی سکیم کے متعلق مزید معلومات لینا چاہتے ہیں یا چیکنگ کے متعلق پولیس سے عمومی سوالات پوچھنا چاہتے ہیں یا اس کی وجوہ یا کوئی اور بات جاننا چاہتے ہیں تو آپ یہاں پولیس سے رابطہ کر سکتے ہیں:
post.oslo@politiet.no یا ہمیں 02800 پر فون کریں۔

اگر آپ پولیس کے پاس شکایت کرنا چاہتے ہوں تو یہ ای میل ایڈریس استعمال کریں: post.oslo@politiet.no

ان معلومات میں آئندہ تبدیلیاں کی جائیں گی اور کئی زبانوں میں ترجمہ کیا جائے گا۔

